© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب، تعلیمات شاہ احمد رضا خاں بریلوی
مصنف : مولانا محمد حنیف یزدانی
ضخامت : ۹۶ صفحات
قیمت : دس روپے

مولانا محمد حنیف یزدانی کی زیر نظر کتاب، اتحاد بین المسلمین کے قابل قدر جذبہ کے تحت لکھی گئی ہے۔ چنانچہ مسلمانوں کے درمیان اختلافی مسائل مثلاً توحید و رسالت، نبوت و رسالت و بشریت و عبدیت وغیرہ کو کم سے کم تر کرنے کے لیے مصنف نے اس کتاب میں شاہ احمد رضا خاں بریلوی کی تحریروں کا حوالہ دے کر اس امر کی طرف توجہ دلائی ہے کہ ان کے عقیدتمند مقررین و واعظین حضرات اپنی تقریروں میں ان مسائل سے متعلق اکثر ایسی باتیں کر جاتے ہیں جو کہ شاہ صاحب کی اپنی تعلیمات کے خلاف ہوتی ہیں یا ان سے مطابقت نہیں رکھتیں ——— حق یہ ہے کہ مصنف نے ایک اہم ضرورت کو بطریق احسن پورا کر دیا ہے۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ یہ کتاب مسلمان فرقوں کو باہم قریب لانے میں ممد و معاون ثابت ہو گی ———

جزاہ اللہ عنا وعن سائر المسلمین!

کتابت و طباعت عمدہ، انداز تحریر دلنشین ہے — مکتبہ نذیریہ علامہ اقبال ٹاؤن چناب بلاک لاہور سے طلب کی جا سکتی ہے۔

© rasailojaraid.com